نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعظم پاکستان عمران خان کی قیادت میں ملک کو سرسبز بنارہے ہیں۔وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور:10اگست 2021(   )وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے کہا ہے کہ شجر کاری پاکستان کیلئے بہت اہم ہے وزیر اعظم پاکستان عمران خان کی قیادت میں ملک کو سرسبز بنائیں گے۔صاف ستھرا ماحول ہمارے لئے اور آنے والی نسلوں کیلئے بھی بے حد اہمیت کا حامل ہے۔موٹرویز کے اردگرد پودے لگانے سے ماحول خوشگوار ہوگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملتان تا سکھر موٹر وے انٹرچینج شیر شاہ میں شجرکاری مہم کے تحت پودا لگانے کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ ملک کو سرسبز بنانے کیلئے کلین اینڈ گرین پروگرام پر ہر ممکن عملدرآمد کیا جارہا ہے۔ماحولیاتی آلودگی اور گلوبل وارمنگ کے چیلنجز سے نبردآزما ہونے کیلئے پلانٹ فار پاکستان ویژن ہمارے ملک میں زراعت،صحت اور آبپاشی کے نظام کی بہتری کے ساتھ مثبت ماحولیاتی عوامل اور پانی کے ذخائر سمیت ملکی مجموعی پیداوار میں اضافہ کا باعث ثابت ہوگا اور آئندہ برسوں میں پاکستان ایک ماحول دوست ملک کا روپ دھارلے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ ماضی میں ماحول اور جنگلات کی اہمیت کو نظرانداز کیا گیا جس میں ہمارے ایکوسسٹم میں عدم توازن اور ماحولیاتی آلودگی میں بے حد اضافہ ہوا اور پانی کی کمیابی اور صحت کے مسائل نے بھی سر اٹھالیا۔انہوں نے کہا کہ درخت صحت مند ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ لوگوں کو روزگار فراہم کرنے کا بھی بہترین ذریعہ ہیں جس سے ملکی معیشت میں خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے۔انہوں نے عوام الناس سے اپیل کی کہ زیادہ سے زیادہ پودے لگائیں اور ان کی حفاظت اور آبیاری بھی کریں کیونکہ یہ ہمارے اور ہماری آئندہ نسلوں کی بقا اور صحتمند ماحول کے ضامن ہیں۔ہر شخص پودے لگا کر اس مہم میں اپنا حصہ شامل کرے تاکہ ماحولیاتی آلودگی کا بھی خاتمہ کیا جاسکے۔اس موقع پر ڈاکٹر محمد اسلم نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ملتان تا سکھر موٹروے کی لمبائی 392 کلومیٹر ہے جس کے اطراف میں 4 لاکھ سے زائد مقامی پودے لگائے گئے ہیں۔اس کے علاوہ سروس ایریاز اور ریسٹ ایریاز میں بھی سایہ دار اور آرائشی پودے لگائے گئے ہیں جن کی باقاعدگی سے دیکھ بھال کی جارہی ہے۔

0-0-0-0-0